ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW

CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.04 (2025)

معاصر اردو تحقیقی مقالات میں شہری دفاع: فقہُ السیرۃ کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ

An Analytical Study of Civil Defence in Contemporary Urdu Research Thesis in the Perspective of Fiqh al-Seerah

Ashiq Hussain
PhD Research Scholar (Islamic Studies), NCBA&E, Lahore - Sub Campus, Multan
cdlodhran@gmail.com

Dr. Hafiz Muhammad Hassan Mahmood
Lecturer in Islamic Studies, University of Education, Lahore (Vehari Campus)
hassan.mahmood@ue.edu.pk

Abstract
In modern security debates, civil defence has gained significant recognition as a crucial element of societal resilience against a range of threats, including armed conflicts, terrorism, industrial disasters, environmental crises, and natural calamities. While much of the current academic discourse approaches civil defence through administrative, legal, and disaster management lenses, its ethical and philosophical underpinnings remain underexplored in many discussions.This study conducts an analytical review of recent Urdu-language research thesis that examine the theory and practice of civil defence. The analysis is framed through the conceptual lens of Fiqh al-Seerah the jurisprudential interpretation derived from the life and teachings of the Prophet Muhammad (peace be upon him). Instead of comparing or critiquing different scholarly traditions, the research focuses specifically on how contemporary Urdu academic works address civilian protection, emergency preparedness, and collective responsibility within the broader discourse of modern civil defence.
The findings reveal that the Urdu thesis under review depict civil defence not just as a technical or institutional mechanism but as a holistic societal system designed to protect human life and ensure stability during crises. Several key themes emerge consistently in the literature, including proactive preparedness, community engagement, inter-institutional coordination, social trust, and post-disaster recovery. Together, these elements reflect a comprehensive approach to civil protection that aligns with principles of collective responsibility and organized community action values that also resonate with the ethical framework of the Muhammadan model.
Keywords: Civil Defence, Fiqh al-Seerah, Civilian Protection, Disaster Preparedness ,Community Participation, Institutional Coordination, Social Resilience

تمہید(Introduction)

عصرِ حاضر میں شہری آبادی کے تحفظ کا مسئلہ عالمی سلامتی کے مباحث میں مرکزی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ جدید دنیا کو جنگی تنازعات، دہشت گردی، صنعتی حادثات، ماحولیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات جیسے پیچیدہ خطرات کا سامنا ہے، جنہوں نے ریاستوں کو شہری دفاع (Civil Defence) کے منظم نظام قائم کرنے پر مجبور کیا ہے۔ معاصر پالیسی اور تحقیقی مباحث میں شہری دفاع کو صرف جنگی حالات تک محدود نہیں سمجھا جاتا بلکہ اسے انسانی سلامتی، آفات کے انتظام اور سماجی استحکام کے ایک جامع نظام کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جس کا بنیادی مقصد ہنگامی حالات میں شہری آبادی کے جان و مال کا تحفظ اور معاشرتی نظم کا تسلسل برقرار رکھنا ہے۔

دوسری جانب اسلامی علمی روایت، خصوصاً سیرتِ نبوی ﷺ، دفاعی تدابیر اور شہری تحفظ کے ایسے اصول فراہم کرتی ہے جن میں انسانی جان کے احترام، اجتماعی ذمہ داری اور منظم دفاعی حکمتِ عملی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ سیرتِ نبوی ﷺ کے واقعات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ دفاعی نظم کو محض عسکری سرگرمی نہیں بلکہ معاشرتی تحفظ کے ایک منظم نظام کے طور پر سمجھا گیا۔ مدینہ منورہ کے دفاعی انتظامات اور غزوۂ خندق کے موقع پر اختیار کی گئی اجتماعی حکمتِ عملی اس امر کی نمایاں مثال ہیں کہ شہری تحفظ اور دفاعی منصوبہ بندی کو باقاعدہ اجتماعی ذمہ داری کے طور پر اختیار کیا گیا۔

اسی پس منظر میں یہ مطالعہ شہری دفاع سے متعلق معاصر تحقیقی مقالات کا فقہ ُالسیرۃ کے تناظر میں تجزیاتی جائزہ پیش کرتا ہے۔ اس تحقیق کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ موجودہ علمی مباحث میں شہری دفاع کے جو تصورات بیان کیے جاتے ہیں وہ سیرتِ نبوی ﷺ سے مستنبط اصولوں بالخصوص انسانی جان کے تحفظ، اجتماعی نظم اور احتیاطی تدابیر کے ساتھ کس حد تک فکری مطابقت رکھتے ہیں۔ اس طرح یہ مطالعہ شہری دفاع کے معاصر مباحث کو ایک اخلاقی اور فکری تناظر میں سمجھنے کی کوشش ہے۔

فقہ ُالسیرۃ اور شہری دفاع کا باہمی ربط

معاصر شہری دفاع کے اردو تحقیقی مقالات (تھیسز) کا فقہ ُالسیرۃ کے زاویے سے جائزہ لینا دراصل ایک محض اصطلاحی انتخاب نہیں بلکہ ایک باقاعدہ خاص منہج پر متصور فیصلہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ شہری دفاع اپنے جدید ادارہ جاتی قالب میں اگرچہ ایک انتظامی، قانونی اور تکنیکی شعبہ دکھائی دیتا ہے، مگر اس کی اصل روح انسانی جان کے تحفظ، اجتماعی نظم، خطرات کی پیشگی تدبیر، کمزور طبقات کی حفاظت، عوامی تعاون اور بحران کے بعد بحالی سے متعلق ہے۔ یہی وہ میدان ہے جہاں فقہ ُالسیرۃ ایک زندہ، عملی اور تمدنی بنیاد مہیا کرتی ہے۔ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی کے ایم فل مقالے *اسلامی ریاست میں شہری دفاع کا تصور اور معاصرانہ تطبیق کا جائزہ* میں یہی نکتہ بنیادی سوال کی صورت میں قائم کیا گیا کہ شہری دفاع کے حوالے سے اسلامی تصور کیا ہے اور اسے دورِ حاضر میں کس طرح منطبق کیا جا سکتا ہے؛ اسی کے تحت بندہ ناچیز نے عہدِ نبوی کے دفاعی اقدامات کو شہری دفاع کے عصری اقدامات پر منطبق کرنے کو اپنے مقاصدِ تحقیق میں شامل کیا، اور قرآن، حدیث اور سیرتِ صحابہ کو منہجِ تحقیق کی اساس بنایا۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ اردو لٹریچر میں شہری دفاع پر اسلامی گفتگو صرف عمومی اخلاقی وعظ نہیں بلکہ سیرتِ نبوی ﷺ کے عملی نمونوں کو عصری ادارہ جاتی تناظر میں سمجھنے کی سنجیدہ علمی کوشش بھی ہے۔

یہاں پہلے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ فقہ ُالسیرۃ سے مراد صرف سیرتِ نبوی ﷺ کے واقعات کو بیان کرنا نہیں، بلکہ ان واقعات، فیصلوں، تدابیر، انتظامات اور اجتماعی رویّوں سے ایسے اصول اخذ کرنا ہے جو قانون، اخلاق، ریاست، معاشرہ اور انسانی تحفظ کے باب میں رہنمائی دیں(1)۔ سادہ الفاظ میں، سیرت تاریخ ہے؛ مگر فقہ ُالسیرۃ تاریخ کے اندر کارفرما اصولِ ہدایت کی دریافت ہے۔ اسی لیے جب مدینہ میں خواتین اور بچوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جاتا ہے، پہرہ داری قائم کی جاتی ہے، دشمن کی نقل و حرکت پر نظر رکھی جاتی ہے، رضاکارانہ خدمات کو متحرک کیا جاتا ہے، یا غزوۂ خندق میں ایک نئی دفاعی تکنیک قبول کی جاتی ہے، تو فقہ ُالسیرۃ ان سب کو مجرد واقعات کے طور پر نہیں پڑھتی بلکہ انہیں تحفظِ نفس، دفعِ ضرر، پیش بندی، نظمِ اجتماعی، عسکری و شہری ربط، اور خدمتِ خلق کے اصولی نمونوں کے طور پر سمجھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مذکورہ مقالے میں غزوۂ خندق، کمزور طبقات کی منتقلی، نگرانی، جاسوسی، رضاکارانہ خدمات، مرہم پٹی اور دفاعی تیاریوں کو شہری دفاع کے تاریخی و اسلامی تسلسل کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.04 (2025)

شہری دفاع کے اردو لٹریچر کا جائزہ فقہ السیرۃ کے تناظر میں کیوں لیا جائے؟

اسی پس منظر میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ معاصر شہری دفاع کے اردو لٹریچر کا جائزہ فقہ السیرۃ کے تناظر میں کیوں لیا جائے؟
اس کا پہلا جواب یہ ہے کہ اردو لٹریچر میں شہری دفاع کا بڑا حصہ یا تو سرکاری تربیتی مواد، عملی ہدایات، بمباری، فرسٹ ایڈ، انخلاءِ آبادی، آگ بجھانے اور حفاظتی انتظامات جیسے موضوعات پر مشتمل ہے، یا پھر اسلامی دفاع کے عمومی تصورات پر۔ اگر اس پورے مواد کو کسی مربوط فکری کسوٹی کے بغیر دیکھا جائے تو یہ منتشر معلومات کا مجموعہ رہ جاتا ہے؛ لیکن جب اسے فقہ السیرۃ کے زاویے سے پڑھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ شہری دفاع کی جدید اصطلاحات مثلاً (2)warning، evacuation(3)، rescue(4)، medical aid(5)، shelter management(6)، restoration of public order(7) اصل میں انسانی تحفظ کے انہی وسیع اصولوں کی معاصر صورتیں ہیں جن کی عملی مثالیں سیرتِ نبوی ﷺ میں موجود ہیں بین الاقوامی انسانی قانون میں بھی شہری دفاع کو ان ہی "humanitarian tasks" کے تحت متعین کیا گیا ہے: شہری آبادی کو جنگ یا دیگر آفات کے خطرات سے بچانا، فوری اثرات سے بحال کرنا، اور بقا کے لیے ضروری حالات فراہم کرنا۔ (8) چنانچہ فقہ السیرۃ کا فریم ورک اردو شہری دفاعی لٹریچر کو ایک اسلامی، اخلاقی اور اصولی معنی عطا کرتا ہے، جبکہ بین الاقوامی قانون اس کے لیے ایک معاصر قانونی و ادارہ جاتی زبان فراہم کرتا ہے۔

دوسرا سبب یہ ہے کہ شہری دفاع محض "ریاستی شعبہ" نہیں بلکہ "اجتماعی اخلاق" بھی ہے۔ اگر اسے صرف فائلوں، دفعات اور تربیتی شیڈولز تک محدود کر دیا جائے تو وہ ایک سرد انتظامی ڈھانچہ بن جاتا ہے؛ مگر فقہ السیرۃ اسے انسانی وقار، سماجی ذمہ داری اور عبادتِ خلق کے دائرے میں داخل کرتی ہے۔ مذکورہ بالا ایم فل تحقیق میں بندہ ناچیز محقق نے شہری دفاع کو تحفظِ انسانیت، معاشرتی فلاح، اور اجتماعیت کے فروغ سے جوڑا ہے، اور یہ دکھایا ہے کہ شہری دفاع کا اسلامی تصور محفوظ معاشرے کے قیام کے لیے فعال کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس سے ایک نہایت اہم اصول سامنے آتا ہے: فقہ السیرۃ شہری دفاع کو عسکری حاشیے سے نکال کر عمرانی مرکز میں لے آتی ہے۔ یعنی شہری دفاع صرف جنگ کے دوران عوام کو بچانے کا نام نہیں رہتا، بلکہ امن کے زمانے میں تیاری، نظم، تربیت، تعاون، خدمت اور ذمہ داری کا مستقل نظام بن جاتا ہے۔ (9)

تیسرا اہم نکتہ یہ ہے کہ اردو لٹریچر میں شہری دفاع کے بارے میں موجود بیشتر مواد میں ایک خلا نمایاں ہے: وہاں عملی تدابیر تو ہیں، مگر ان کی فکری تعبیر کمزور ہے۔ دوسری طرف مذہبی ادب میں اخلاقی اصول تو ملتے ہیں، مگر ان کی ادارہ جاتی تطبیق کم بیان ہوئی ہے۔ فقہ السیرۃ ان دونوں دائروں کے درمیان پل کا کام کرتی ہے۔ ایک طرف وہ سیرتِ نبوی ﷺ سے یہ بتاتی ہے کہ خطرات کے مقابلے میں تدبیر اختیار کرنا توکل کے خلاف نہیں بلکہ خود سنتی منہج کا حصہ ہے؛ دوسری طرف وہ جدید شہری دفاعی مباحث کو یہ سمجھنے میں مدد دیتی ہے کہ انسانی تحفظ، امداد، بحالی اور اجتماعی نظم محض سیکولر پالیسی کے الفاظ نہیں بلکہ اسلامی تمدنی شعور کے ساتھ بھی گہرا ربط رکھتے ہیں۔ اسی لیے شہری دفاع پر اردو مواد کا فقہ السیرۃ کے تحت جائزہ لینا دراصل یہ دریافت کرنا ہے کہ اسلامی روایت کس طرح جدید حفاظتی اداروں کو اخلاقی جواز، تاریخی عمق اور سماجی قبولیت عطا کرتی ہے۔

چوتھا سبب علمی ہے۔ جب ہم کسی شعبے کا "ادبی جائزہ" لیتے ہیں تو صرف یہ نہیں پوچھتے کہ کیا لکھا گیا، بلکہ یہ بھی دیکھتے ہیں کہ کس زاویے سے لکھا گیا، کیا چھوڑ دیا گیا، اور کس منہج کی کمی باقی ہے۔ اس لحاظ سے اردو شہری دفاعی ادب کا فقہ السیرۃ کے تحت جائزہ یہ دکھاتا ہے کہ موجودہ اردو تحریروں میں اگرچہ دفاع، خدمتِ خلق، خواتین کے کردار، رضاکارانہ سرگرمیوں، ہنگامی طبی امداد اور دینی تعلیمات سے ربط کی متعدد جہات موجود ہیں، مگر انہیں ابھی ایک مکمل فقہی، سیرتی نظریۂ شہری دفاع میں منضبط کرنے کی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موجودہ تحقیق کی اصل اہمیت صرف مواد جمع کرنا نہیں بلکہ اس منتشر مواد کے اندر چھپے ہوئے اصولی ربط کو دریافت کرنا ہے۔

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.04 (2025)

اس پس منظر میں یہ کہنا درست ہوگا کہ فقہُ السیرۃ شہری دفاعی اردو لٹریچر کے مطالعے کے لیے اس لیے ناگزیر ہے کہ وہ: اوّل، سیرت کے واقعات کو اصولی دلالت عطا کرتی ہے۔ دوم، جدید شہری دفاعی اصطلاحات کو اسلامی اخلاقی معنویت سے جوڑتی ہے، سوم، ریاستی و سماجی ذمہ داری کے درمیان توازن پیدا کرتی ہے، اور چہارم، اردو لٹریچر میں موجود مواد کو محض معلوماتی ذخیرے سے بلند کر کے ایک مربوط تحقیقی فریم ورک میں بدل دیتی ہے۔

اسی بنا پر جب ہم معاصر شہری دفاع کے اردو لٹریچر کا جائزہ لیتے ہیں تو فقہُ السیرۃ کا زاویہ اختیار کرنا نہ صرف موزوں بلکہ ناگزیر محسوس ہوتا ہے؛ کیونکہ یہی زاویہ ہمیں یہ بتاتا ہے کہ شہری دفاع صرف تکنیک نہیں، صرف قانون نہیں، صرف جنگی تیاری نہیں بلکہ ایک ایسا جامع انسانی و اسلامی نظم ہے جس میں حفظِ نفس، دفعِ ضرر، خدمتِ خلق، نظمِ اجتماعی، پیش بندی اور بحران کے بعد بحالی سب ایک ہی فکری کڑی میں بندھے ہوئے ہیں۔ اور یہی وہ نقطہ ہے جہاں اردو علمی روایت، سیرتِ نبوی ﷺ کی عملی دانش، اور معاصر شہری دفاع کے ادارہ جاتی تقاضے باہم ملتے ہیں۔

فقہُ السیرۃ کے تناظر میں معاصر اردو تحقیقی مقالات کا عمومی جائزہ

اردو زبان میں شائع ہونے والے معاصر تحقیقی مقالات کا جائزہ اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ شہری دفاع کے موضوع پر علمی توجہ بتدریج بڑھ رہی ہے۔ مختلف علمی جرائد اور تحقیقی مجلات میں شائع ہونے والی تحریروں میں شہری دفاع کو عموماً ایک ایسے منظم سماجی و ادارہ جاتی نظام کے طور پر بیان کیا گیا ہے جس کا بنیادی مقصد ہنگامی حالات میں شہری آبادی کے تحفظ اور معاشرتی نظم کے استحکام کو یقینی بنانا ہے۔ ان مقالات میں خاص طور پر اس پہلو پر زور دیا گیا ہے کہ آفات اور بحران کی صورت میں شہری آبادی کی منظم تیاری، عوامی آگاہی اور ریاستی اداروں کی مؤثر حکمتِ عملی نقصانات میں کمی اور فوری امدادی اقدامات کو ممکن بناتی ہے۔

ان اردو تحقیقی تحریروں میں شہری دفاع کو عموماً عملی اور تربیتی زاویے سے بیان کیا جاتا ہے، جہاں ابتدائی طبی امداد، آگ سے بچاؤ، انخلاء کی تدابیر اور رضاکارانہ خدمات جیسے موضوعات نمایاں طور پر سامنے آتے ہیں۔ اسی کے ساتھ بعض مقالات میں شہری دفاع کے ادارہ جاتی ڈھانچے، ریاستی پالیسی اور عوامی شرکت کے باہمی تعلق پر بھی گفتگو ملتی ہے، جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ شہری دفاع کو محض سرکاری ذمہ داری نہیں بلکہ ایک مشترکہ سماجی عمل کے طور پر سمجھا جاتا ہے جس میں ریاست اور معاشرہ دونوں کی ذمہ داری شامل ہوتی ہے۔

تاہم مجموعی مطالعہ یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ اکثر تحریریں عملی رہنمائی اور آگاہی تک محدود رہتی ہیں جبکہ شہری دفاع کے اصولی اور فکری پہلوؤں کو نسبتاً کم زیر بحث لایا گیا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں **فقہُ السیرۃ** کا تناظر اس موضوع کو ایک وسیع اخلاقی اور فکری بنیاد فراہم کرتا ہے۔ سیرتِ نبوی ﷺ میں دفاعی حکمتِ عملی، اجتماعی نظم اور انسانی جان کے تحفظ سے متعلق متعدد عملی نمونے موجود ہیں جو یہ واضح کرتے ہیں کہ دفاعی اقدامات محض عسکری تدابیر نہیں بلکہ معاشرتی تحفظ کے ایک منظم اور ذمہ دارانہ نظام کا حصہ تھے۔ اس زاویے سے دیکھا جائے تو شہری دفاع کا تصور انسانی جان کے احترام، اجتماعی ذمہ داری اور پیشگی تدبیر جیسے اصولوں کے ساتھ گہرا تعلق رکھتا ہے، جو سیرتِ نبوی ﷺ کی عملی تعلیمات میں واضح طور پر جلوہ گر ہوتے ہیں۔

شہری دفاع: سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

سیرتِ نبوی کے تناظر میں شہری دفاع کے تصور کو واضح کرنے کی کوششوں میں محمد عبد اللہ شاکر کا تحقیقی مقالہ "شہری دفاع: سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ" قابلِ ذکر ہے۔ یہ مقالہ سیرت چیئر، یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (UMT) لاہور کے زیرِ اہتمام تخصص سیرت النبی ﷺ کے پروگرام کے تحت تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق کے مقالہ نگار محمد عبد اللہ شاکر ہیں جبکہ اس کے نگران ڈاکٹر رانا

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.04 (2025)

خالد مدنی ہیں جو سیرت چیئر کے ڈائریکٹر اور یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں ایسوسی ایٹ پروفیسر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس مقالے میں بنیادی طور پر شہری دفاع کے تصور کو سیرتِ نبوی کے تناظر میں سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مقالہ نگار نے تحقیق کو مختلف موضوعاتی ابواب میں تقسیم کیا ہے جن میں شہری دفاع کا تعارف، عہدِ نبوی میں شہری دفاع کے اصول، دفاعی تیاری اور حفاظتی اقدامات، اور پاکستان میں دہشت گردی کے تناظر میں شہری دفاع کی تربیت جیسے موضوعات شامل ہیں۔ اس تحقیق میں اس بات کو اجاگر کیا گیا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی قیادت میں مدینہ کی اسلامی ریاست میں اجتماعی سلامتی اور عوامی تحفظ کے لیے متعدد عملی اقدامات کیے گئے، جن میں نگرانی کا نظام، اجتماعی نظم، اور بحران کے وقت عوامی تعاون کو منظم کرنا شامل تھا۔(10) تاہم اس مقالے کا بنیادی رجحان زیادہ تر شہری دفاع سے متعلق مواد کو جمع کرنے اور اس کے تعارفی پہلو کو بیان کرنے تک محدود نظر آتا ہے، جبکہ اس میں نظریاتی تجزیہ اور جدید شہری دفاعی نظام کے ساتھ تقابلی مطالعہ نسبتاً کم ہے۔ اس کے باوجود یہ مقالہ اس لحاظ سے اہمیت رکھتا ہے کہ اس نے سیرتِ نبوی کے تناظر میں شہری دفاع کے تصور کو اجاگر کرنے کی ابتدائی کوشش کی ہے اور اس موضوع پر مزید تحقیق کے لیے بنیاد فراہم کی ہے۔

سول ڈیفنس کے اسلامی تصور کا تحقیقی مطالعہ

سول ڈیفنس کے اسلامی تصور پر ہونے والی تحقیقی کاوشوں میں حافظ نعیم الرحمن کا مقالہ "سول ڈیفنس کے اسلامی تصور کا تحقیقی مطالعہ" بھی قابلِ توجہ ہے۔ یہ ایم فل سطح کا تحقیقی مقالہ ہے جو نیشنل کالج آف بزنس ایڈمنسٹریشن اینڈ اکنامکس (NCBA&E) لاہور میں ڈاکٹر محمد طیب کی نگرانی میں تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق کا بنیادی مقصد اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سول ڈیفنس کے تصور اور اس کے عملی تقاضوں کو واضح کرنا ہے۔

مقالہ نگار نے اس تحقیق میں امن اور جنگ دونوں حالات میں سول ڈیفنس کے کردار کا جائزہ لیا ہے اور اس بات کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے کہ اسلامی ریاستی نظام میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اس تحقیق میں قرآن و سنت اور اسلامی تاریخ کے حوالے سے یہ واضح کیا گیا ہے کہ اسلام میں اجتماعی سلامتی اور انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے متعدد اصول موجود ہیں۔ مقالہ نگار کے مطابق اسلامی تعلیمات میں اجتماعی دفاع، سماجی تعاون اور بحران کے وقت عوامی امداد جیسے عناصر دراصل سول ڈیفنس کے بنیادی اجزاء ہیں(11)۔ اس تحقیق کی اہمیت اس بات میں ہے کہ اس میں شہری دفاع کو محض جدید ریاستی ادارے کے طور پر نہیں بلکہ اسلامی تعلیمات میں موجود اجتماعی ذمہ داری اور سماجی تحفظ کے اصولوں کے ساتھ جوڑ کر دیکھا گیا ہے۔ تاہم بعض مقامات پر تحقیق زیادہ تر نظریاتی مواد کی جمع آوری تک محدود دکھائی دیتی ہے اور اس میں جدید شہری دفاعی نظام کے عملی ڈھانچے کے ساتھ گہرے تقابلی تجزیے کی مزید گنجائش موجود ہے۔ اس کے باوجود یہ مقالہ اسلامی نقطۂ نظر سے شہری دفاع کے تصور کو سمجھنے میں ایک اہم علمی قدم قرار دیا جا سکتا ہے۔

اسلامی ریاست میں شہری دفاع کا تصور اور معاصرانہ تطبیق کا جائزہ

اسلامی ریاست کے تناظر میں شہری دفاع کے تصور کو سمجھنے کے لیے ایک اور اہم تحقیقی کاوش محقق کی ذاتی کاوش ہے۔ یہ ایم فل سطح کا تحقیقی مقالہ اسلامک ریسرچ سنٹر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں ڈاکٹر رضیہ شبانہ کی نگرانی میں تعلیمی سیشن 2018–2020ء کے دوران تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق میں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں شہری دفاع کے نظریاتی اصولوں اور ان کی معاصر دور میں عملی تطبیق کا جائزہ لیا گیا ہے۔

ہم نے اس تحقیق میں اسلامی ریاست کے دفاعی نظام کے مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کیا ہے اور خاص طور پر ہوائی حملوں جیسے جدید خطرات کے تناظر میں شہری دفاعی اقدامات پر گفتگو کی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیمات میں موجود اجتماعی دفاع، احتیاطی تدابیر اور عوامی سلامتی

کے اصولوں کو بھی زیرِ بحث لایا گیا ہے۔ تحقیق میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ اسلامی ریاستی نظام میں شہری دفاع کا تصور محض جنگی حالات تک محدود نہیں بلکہ امن کے زمانے میں بھی عوامی تحفظ اور سماجی نظم کو برقرار رکھنے سے وابستہ ہے۔(12) اس مقالے کی اہمیت اس پہلو میں مضمر ہے کہ اس میں اسلامی تعلیمات کے نظریاتی اصولوں کو جدید شہری دفاعی نظام کے ساتھ مربوط کرنے کی کوشش کی گئی ہے، جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اسلامی فکر میں انسانی جان و مال کے تحفظ کا تصور جدید شہری دفاع کے اصولوں کے ساتھ بڑی حد تک ہم آہنگ ہے۔

سیرت النبی کی عصری اور بین الاقوامی اہمیت: اقوام متحدہ کے حقوقِ انسانی کے منشور کے تناظر میں ایک تحقیقی مطالعہ

سید مظفر حسین کا یہ تحقیقی مقالہ ایک جامع علمی تحقیق ہے جو جامعہ کراچی، کلیہ معارف اسلامیہ، شعبہ علوم اسلامیہ سے 2017ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لیے تحریر کیا گیا۔ یہ تحقیق ڈاکٹر زاہد علی زاہدی کی نگرانی میں مکمل ہوئی۔

اس مقالے میں مصنف نے سیرتِ نبوی کے عالمی اور عصری پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے انسانی حقوق کے اسلامی تصور کو اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے منشور کے ساتھ تقابلی انداز میں پیش کیا ہے۔ تحقیق میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ سیرتِ نبوی میں انسانی جان کے احترام، مذہبی آزادی اور معاشرتی عدل کے اصول نمایاں طور پر موجود ہیں۔(13) شہری دفاع کے تناظر میں اس تحقیق کی اہمیت اس بات میں ہے کہ انسانی جان اور بنیادی حقوق کے تحفظ کو اسلامی معاشرتی نظام کا بنیادی اصول قرار دیا گیا ہے، جو جدید شہری دفاعی فلسفے سے ہم آہنگ ہے۔

مواخات و میثاقِ مدینہ کے تناظر میں اصلاحِ معاشرہ: سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے ایک تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ

اسلامی معاشرتی نظم اور امن کے قیام کے اصولوں پر زینت رشدی کا تحقیقی مقالہ "مواخات و میثاقِ مدینہ کے تناظر میں اصلاحِ معاشرہ: سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے ایک تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ" ایک اہم علمی تحقیق ہے جو جامعہ کراچی، کلیہ معارف اسلامیہ، شعبہ قرآن و سنت میں جون 2003ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لیے مکمل کی گئی۔ اس تحقیق کے نگران پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد تھے۔

اس مقالے میں مصنفہ نے مکی اور مدنی دور کے تناظر میں اسلامی معاشرتی نظام کی تشکیل اور امن کے قیام کے اصولوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا ہے۔ تحقیق میں میثاقِ مدینہ کو ایک ایسا سماجی و سیاسی معاہدہ قرار دیا گیا ہے جس نے مختلف مذاہب اور قبائل کے درمیان باہمی امن اور تعاون کی بنیاد فراہم کی(14)۔ شہری دفاع کے تناظر میں اس تحقیق کی اہمیت اس بات میں ہے کہ اس میں معاشرتی نظم، اجتماعی ذمہ داری اور امن کے قیام کو اسلامی ریاست کے بنیادی اصولوں کے طور پر بیان کیا گیا ہے، جو جدید شہری دفاعی نظام کے سماجی اور ادارہ جاتی پہلوؤں سے گہرا تعلق رکھتے ہیں۔

نفسیاتی جنگ کا اسلامی تصور: اقدامی اور دفاعی حوالے سے تجزیہ

معاصر عسکری مطالعات میں نفسیاتی جنگ (Psychological Warfare) ایک اہم موضوع کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ اسی تناظر میں حافظ جمیل احمد کا تحقیقی مقالہ "نفسیاتی جنگ کا اسلامی تصور: اقدامی اور دفاعی حوالے سے تجزیہ" قابلِ ذکر ہے، جو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد میں ایم اے کی ڈگری کے لیے تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق میں مصنف نے اسلامی تاریخ اور سیرتِ نبوی کے تناظر میں نفسیاتی حکمت عملی کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا ہے۔

مقالہ نگار کے مطابق عہدِ نبوی میں دفاعی حکمت عملی صرف عسکری طاقت تک محدود نہیں تھی بلکہ اس میں نفسیاتی پہلوؤں کو بھی بڑی اہمیت حاصل تھی۔ جنگی حالات میں معلومات کی ترسیل، دشمن کی قوت کے بارے میں حکمتِ عملی اور فوجی نظم و ضبط جیسے عناصر دفاعی حکمتِ عملی کا حصہ تھے۔(15) سیرتِ نبوی کے مطالعے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ جنگی حکمتِ عملی میں دشمن کے حوصلے کو کمزور کرنا اور اپنی

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.04 (2025)

صفوں میں اعتماد پیدا کرنا ایک اہم عنصر تھا۔ شہری دفاع کے تناظر میں یہ تحقیق اس لیے اہم ہے کہ جدید دور میں نفسیاتی استحکام اور عوامی اعتماد ہنگامی حالات میں معاشرے کی مزاحمتی صلاحیت (Resilience) کو مضبوط بناتے ہیں، جو شہری دفاعی نظام کا بنیادی مقصد ہے۔

خلفائے راشدین کا نظامِ دفاع

اسلامی ریاست کے ابتدائی دور کے دفاعی نظام کو سمجھنے کے لیے شاہد اکرم کا تحقیقی مقالہ "خلفائے راشدین کا نظام دفاع" اہمیت رکھتا ہے، جو **منہاج یونیورسٹی لاہور** میں ایم اے کی ڈگری کے لیے ڈاکٹر ظہور اللہ اظہری کی نگرانی میں تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق میں مصنف نے خلافتِ راشدہ کے دور میں قائم ہونے والے دفاعی نظم کا تاریخی اور تجزیاتی مطالعہ پیش کیا ہے۔

مقالہ نگار کے مطابق خلافتِ راشدہ کے دور میں دفاعی نظام محض فوجی قوت تک محدود نہیں تھا بلکہ اس میں ریاستی نظم، سرحدی تحفظ اور شہری آبادی کی سلامتی کو بھی بنیادی اہمیت حاصل تھی۔ حضرت عمرؓ کے دور میں فوجی نظم، سرحدی نگرانی اور دفاعی انتظامات کو باقاعدہ ادارہ جاتی شکل دی گئی جس نے اسلامی ریاست کے استحکام میں اہم کردار ادا کیا۔(16) شہری دفاع کے تناظر میں یہ تحقیق اس لیے اہم ہے کہ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اسلامی ریاست کے ابتدائی دور میں بھی دفاعی انتظامات کا مقصد صرف عسکری کامیابی نہیں بلکہ معاشرتی استحکام اور شہری تحفظ کو یقینی بنانا تھا۔

اسلامی مملکت کا دفاع اور اس کے جدید ذرائع

جدید دفاعی تقاضوں کے تناظر میں ریحانہ خلیل کا تحقیقی مقالہ "اسلامی مملکت کا دفاع اور اس کے جدید ذرائع" ایک اہم علمی مطالعہ ہے جو یونیورسٹی آف پنجاب لاہور میں ایم اے کی ڈگری کے لیے ممتاز احمد سالک کی نگرانی میں تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق میں مصنفہ نے اسلامی دفاعی اصولوں کو جدید عسکری ٹیکنالوجی اور ریاستی دفاعی نظام کے ساتھ مربوط کرنے کی کوشش کی ہے۔

تحقیق میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ اسلام میں دفاع کا تصور صرف جنگی کارروائی تک محدود نہیں بلکہ اس میں معاشرے کے اجتماعی تحفظ اور ریاستی استحکام کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ جدید دور میں دفاعی ذرائع اور ٹیکنالوجی میں ہونے والی ترقی نے دفاعی نظام کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے، جس کے باعث ریاستی سطح پر منظم دفاعی منصوبہ بندی ناگزیر ہو گئی ہے۔(17) شہری دفاع کے تناظر میں یہ تحقیق اس لیے اہم ہے کہ اس میں دفاعی نظام کے جدید وسائل کو انسانی جان اور قومی اثاثوں کے تحفظ کے ساتھ جوڑ کر دیکھا گیا ہے۔

اسلام کا نظریہ قوت و دفاع: قرآن و حدیث کی روشنی میں

اسلامی دفاعی نظریات پر محمد عامر محمود کا تحقیقی مقالہ "اسلام کا نظریہ قوت و دفاع: قرآن و حدیث کی روشنی میں" ایک اہم مطالعہ ہے جو بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں ایم اے کی ڈگری کے لیے ڈاکٹر محمود سلطان کھوکھر کی نگرانی میں تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق میں مصنف نے قرآن و حدیث کی روشنی میں اسلامی دفاعی نظریات کو بیان کیا ہے۔

مقالہ نگار کے مطابق اسلامی تعلیمات میں قوت اور دفاع کا تصور ظلم کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے اختیار کیا گیا ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے:﴿وَأَعِدّوا لَهُم مَّا استَطَعتُم مِن قُوَّةٍ﴾(18) یعنی دشمن کے مقابلے کے لیے اپنی استطاعت کے مطابق قوت تیار رکھو۔ اس تحقیق میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ اسلامی دفاعی نظریات کا مقصد محض عسکری طاقت کا اظہار نہیں بلکہ معاشرتی امن اور انسانی جان کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے(19)۔ شہری دفاع کے تناظر میں یہ اصول اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ دفاعی تیاری دراصل انسانی جان و مال کے تحفظ کا ایک ذریعہ ہے۔

ISSN E: 3006-1466
ISSN P: 3006-1458
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
CJSSR
CONTEMPORARY JOURNAL OF SOCIAL SCIENCE REVIEW
Vol.03 No.04 (2025)

تحفظِ جان بحیثیت مقصدِ شریعت: تجزیاتی مطالعہ

اسلامی فقہ میں انسانی جان کے تحفظ کے اصول پر عابدہ پروین کا تحقیقی مقالہ "تحفظِ جان بحیثیت مقصدِ شریعت: تجزیاتی مطالعہ" ایک اہم علمی کاوش ہے جو میرپور یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں ایم فل کی ڈگری کے لیے اصغر علی خان کی نگرانی میں تحریر کیا گیا۔ اس تحقیق میں مصنفہ نے مقاصدِ شریعت کے تناظر میں انسانی جان کے تحفظ کے اصول کو واضح کیا ہے۔

تحقیق میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اسلامی شریعت کے بنیادی مقاصد میں انسانی جان کا تحفظ مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی اصول کی بنیاد پر اسلامی قانون میں ایسے تمام اقدامات کی اجازت دی گئی ہے جو انسانی جان اور معاشرتی امن کو محفوظ رکھنے میں معاون ہوں(20)۔ شہری دفاع کے تناظر میں یہ تحقیق اس لیے اہم ہے کہ اس میں انسانی جان کے تحفظ کو شریعت کا بنیادی مقصد قرار دیا گیا ہے، جو شہری دفاع کے نظریاتی اور اخلاقی جواز کو مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔

ریاستی اصولِ دفاع سیرتِ نبویہ کی روشنی میں: مواساتِ نبوی ماڈل کا مطالعہ اور عصرِ حاضر میں اس کی معنویت

احسان الحق کا تحقیقی مقالہ "ریاستی اصولِ دفاع سیرتِ نبویہ کی روشنی میں: مواساتِ نبوی ماڈل کا مطالعہ اور عصرِ حاضر میں اس کی معنویت" یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور میں ایم اے کی ڈگری کے لیے ساجد اقبال شیخ کی نگرانی میں تحریر کیا گیا۔ عنوان ہی سے واضح ہے کہ اس تحقیق کا مرکزی زور صرف عسکری دفاع پر نہیں بلکہ اس دفاعی نظم کے اُس سماجی و اخلاقی پہلو پر ہے جسے سیرتِ نبوی میں "مواسات" اور اجتماعی کفالت کے ذریعے سمجھا جا سکتا ہے۔(21) اس نوعیت کی تحقیق شہری دفاع کے لیے اس لحاظ سے اہم ہے کہ جدید Civil Defence محض ہتھیاری یا تکنیکی تیاری نہیں بلکہ سماجی یکجہتی، اجتماعی تعاون، بحران میں باہمی سہارے، اور کمزور طبقات کے تحفظ کا بھی تقاضا کرتا ہے۔ اگر اس مقالے میں مواساتِ نبوی کو ریاستی دفاع کے ساتھ جوڑا گیا ہے تو یہ دراصل ایک اہم علمی زاویہ ہے، کیونکہ اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ دفاعی نظام کا ایک رخ معاشرتی لچک (social resilience) بھی ہے۔ شہری دفاع کے معاصر مباحث میں یہی نکتہ نہایت اہم ہے کہ کسی ریاست کا تحفظ صرف سرحدی دفاع سے نہیں بلکہ داخلی سماجی استحکام سے بھی وابستہ ہوتا ہے۔

اسلام کا نظامِ دفاع

ظہور حسین کا تحقیقی مقالہ "اسلام کا نظامِ دفاع" منہاج یونیورسٹی لاہور میں ایم اے کی ڈگری کے لیے ڈاکٹر وحید احمد کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ اس عنوان سے اندازہ ہوتا ہے کہ مقالہ نگار نے اسلامی تعلیمات میں دفاع کے بنیادی اصول، اس کے جواز، اس کے اخلاقی حدود، اور اس کے اجتماعی تقاضوں کو منظم انداز میں بیان کرنے کی کوشش کی ہوگی۔ اس نوعیت کی تحقیقات کی اہمیت یہ ہے کہ یہ اسلامی دفاعی فکر کو محض جہاد یا قتال کے جزوی دائرے میں محدود نہیں رکھتیں بلکہ اسے ریاست، معاشرہ، نظم و امن، اور اجتماعی سلامتی کے ہمہ گیر تصور کے طور پر سامنے لاتی ہیں۔(22) شہری دفاع کے تناظر میں ایسے مقالے اس لیے اہم ہیں کہ یہ واضح کرتے ہیں کہ دفاع کا اسلامی تصور صرف فوجی محاذ تک محدود نہیں بلکہ اس میں جان، مال، آبادی، اداروں اور اجتماعی نظم کے تحفظ کی جہات بھی شامل ہیں۔ اگر یہ تحقیق اسلامی دفاعی فکر کو ایک منظم "نظام" کے طور پر پیش کرتی ہے تو اس سے شہری دفاع کے اسلامی جواز اور اس کی نظریاتی بنیاد کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

دفاعی حکمتِ عملی کے جدید تقاضے اور اسلام

صاعقہ عارف کا تحقیقی مقالہ "دفاعی حکمتِ عملی کے جدید تقاضے اور اسلام" یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور میں ایم اے کی ڈگری کے لیے ڈاکٹر حافظ محمود اختر کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ اس عنوان سے واضح ہوتا ہے کہ تحقیق کا دائرہ روایتی جنگی مباحث سے آگے بڑھ کر جدید دور

کے دفاعی چیلنجز، ٹیکنالوجی، بدلتے ہوئے عسکری تصورات، اور اسلامی تعلیمات کے تقابلی مطالعے تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ زاویہ شہری دفاع کے لیے نہایت اہم ہے، کیونکہ جدید دفاعی حکمتِ عملی میں فضائی حملے، نفسیاتی جنگ، میڈیا، سائبر خطرات، دہشت گردی، اور شہری انفراسٹرکچر کی حفاظت جیسے عناصر شامل ہو چکے ہیں۔ اگر یہ مقالہ اسلام اور جدید دفاعی ضروریات کے درمیان تطبیق پیدا کرتا ہے تو یہ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ اسلامی دفاعی فکر جامد نہیں بلکہ حالات اور وسائل کے مطابق اپنے اصولی فریم ورک کے اندر ارتقائی صلاحیت رکھتی ہے۔(23) شہری دفاع کے باب میں یہ نکتہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے کہ جدید وسائل کے استعمال اور اسلامی اخلاقی حدود کے مابین ایک متوازن نسبت قائم کی جائے۔

عصرِ حاضر میں دفاعِ وطن کے تقاضے: عہدِ نبوی کے تناظر میں

ظل حسین کا ایم اے سطح کا تحقیقی یہ مقالہ منہاج یونیورسٹی لاہور میں ڈاکٹر محمد زاہد یوسف کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ اس عنوان کی معنویت یہ ہے کہ اس میں دفاعِ وطن کے موجودہ ریاستی تقاضوں کو سیرتِ نبوی کے عملی نمونوں کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ موضوع شہری دفاع کے لیے اس وجہ سے خاص اہمیت رکھتا ہے کہ دفاعِ وطن کی جدید تعبیر میں صرف فوجی محاذ نہیں بلکہ داخلی سلامتی، شہری نظم، عوامی تیاری، اور ریاستی اداروں کی ہم آہنگی بھی شامل ہے۔ اگر یہ مقالہ عہدِ نبوی کے تناظر میں معاصر دفاعی تقاضوں کو پرکھتا ہے تو اس سے شہری دفاعی پالیسی کے لیے ایک اسلامی تاریخی و فکری بنیاد فراہم ہوتی ہے۔ ایسی تحقیق یہ واضح کرنے میں مدد دیتی ہے کہ سیرتِ نبوی میں دفاعی تیاری، نظم، مشاورت، اور شہری آبادی کے تحفظ کے جو اصول ملتے ہیں، وہ آج بھی ریاستی پالیسی اور شہری دفاعی نظام کے لیے رہنما بن سکتے ہیں۔(24)

دورانِ جنگ انسانی حقوق کا تحفظ

ملکہ صبا کا ایم فل مقالہ "دورانِ جنگ انسانی حقوق کا تحفظ" منہاج یونیورسٹی لاہور میں ڈاکٹر ظہور اللہ اظہری کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ یہ عنوان براہِ راست ہمارے موضوع کے ایک مرکزی جز سے متعلق ہے، کیونکہ شہری دفاع اور بین الاقوامی قانونِ انسانیت کے باہمی تعلق کو سمجھنے کے لیے جنگی حالات میں انسانی حقوق کے تحفظ کا سوال بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ تحقیق جنگی قانون، اسلامی تعلیمات، اور معاصر انسانی حقوق اصولوں کے تقابلی جائزے پر مبنی ہے۔(25) شہری دفاع کے تناظر میں اس تحقیق کی قدر اس لیے زیادہ ہے کہ شہری دفاع کا بنیادی مقصد بھی حالتِ جنگ میں غیر جنگجو آبادی کے حقوق، جان، مال، رہائش، صحت، اور بنیادی خدمات کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ اگر یہ مقالہ جنگ کے دوران انسانی حقوق کے تحفظ کے قانونی و اخلاقی اصولوں کو واضح کرتا تو یہ شہری دفاع کے فکری فریم ورک کو مضبوط بنانے میں براہِ راست مددگار ہوتا۔

نبی کریم ﷺ کی مکی زندگی میں حقوقِ انسانی کا تحفظ

محمد عمران تبسم کا ایم فل مقالہ "نبی کریم ﷺ کی مکی زندگی میں حقوقِ انسانی کا تحفظ" دی یونیورسٹی آف لاہور میں ڈاکٹر حافظ انس نضر کی نگرانی میں مکمل کیا گیا۔ اگرچہ اس تحقیق کا مرکزی دائرہ مکی دور اور حقوقِ انسانی ہے، تاہم اس کی افادیت شہری دفاع کے اخلاقی اور نظریاتی حصے میں نمایاں ہو سکتی ہے۔ مکی دور میں مسلمانوں کو ریاستی اقتدار حاصل نہ تھا، اس کے باوجود سیرتِ نبوی میں انسانی وقار، ظلم کے خلاف موقف، کمزوروں کے حقوق، اور اجتماعی صبر و استقامت جیسے اصول واضح ملتے ہیں۔(26) شہری دفاع کے ساتھ اس تحقیق کا ربط اس سطح پر قائم ہوتا ہے کہ شہری دفاع صرف ایک انتظامی یا عسکری ڈھانچہ نہیں بلکہ انسانی حقوق اور جان کے احترام کی ایک عملی توسیع بھی ہے۔ اگر مکی دور میں حقوق کے تحفظ کو دینی اصول کے طور پر نمایاں کیا گیا ہے تو مدنی دور میں اسی اصول کی ادارہ جاتی شکل شہری دفاع اور ریاستی تحفظ کے نظم میں دیکھی جا سکتی ہے۔

اسلام میں قدرتی آفات سے تحفظ کے تصور اور ICRC / عالمی ادارہ تحفظ کی خدمات کا تقابلی مطالعہ

